زبدۃ الحساب

80
22/5/2000

حصّہ اوّل

محرر طول

حسب فرمایش

چراغدین تاجر کتب لاہور بازار کشمیرے

سنہ ۱۸۷۶ء

در مطبع سلطانی لاہور طبع شد

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

وبہ نستعین

زبدۃ الحساب جدید

دیباچہ

چونکہ حصّہ اول زبدۃ الحساب بمطبوعہ سابق مین
لئی قاعدے ضروری اور مفید درج نہتھے اور نہ اسبات
رچندان نظر کیگئی تہی کہ قواعد سہل و مشکل
سیر العمل و بطی العمل کو مقامات مناسب پیدا کر
تاب مذکور ہم مکمّل و ہم مفید بنائی جاوے دماورا
زین مثالین اسقدر قلیل التعداد شامل کی گئی
نہین کہ طالبعلم کو خفیف سی مشق اُنسے حاصل ہوتی
ی اسلئی بنظر تسہیل اصول حساب و تکمیل ترتیم
اب سابق زبدۃ الحساب جدید تالیف کیا گیا اور
ضمون برنارڈ سمتھ صاحب کی کتاب سے لیا گیا ✣

حساب

ارتسام اعداد و قرارت اعداد

۱- اکائی شئی واحد یا مفرد کا نام ہی جیسے ایک لڑکا
ک گھوڑا - ایک درخت ✣

۲- لفظ عدد سے مراد ہی ایک اکائی یا اجتماع کئی
ائیون کا ✣

۳- حساب وہ علم ہے جس سے علم اور عمل اعداد
علوم کیا جاتا ہے ✣

۴- ارتسام اعداد کو جو نقطون مین
بیان کئی گئے ہون شکلون مین بنانی کو کہتے ہین ✣

۵- قرارت اعداد شکلون مین بنائی ہوئی اعداد
کو نقطون مین بیان کرنے کو بولتے ہین ✣

۶- طریق ارتسام اعداد کا اصل مین عربی مین
تہا وہانسے اور زبان مین لیا گیا اور اب کل
یورپ مین جاری ہے ✣

صفر بجائی خود شئی بی قیمت ہی مگر اور اعداد
کے ساتھہ اُنکی قیمت کو بدل ڈالتا ہے چنانچہ جب
اور اعداد کے ماقبل آتا ہے تو اُنکی قیمت فی مرتبہ
دس دفعہ زیادہ کر دیتا ہے اعداد کی صورتین یہہ ہین ✣

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰

ایک سے مراد ہی ایک اکائی ✣

۲- سے مراد ہی حاصلجمع ایک اکائی کا ایک اور
اکائی کے ساتھہ ✣

۳- سے مراد ہی حاصلجمع دو اکائی اور ایک اکائی کا

۴- سے مراد ہی حاصلجمع ۳ - اکائی اور ایک اکائی کا

۵- سے مراد ہی حاصلجمع ۴ - اکائی اور ایک اکائی کا

۶- سے مراد ہی حاصلجمع ۵ - اکائی اور ایک اکائی کا

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

۷- سے مراد ہی حاصلجمع ۶ - اکائی اور ایک اکائی کا
۸- سے مراد ہی حاصلجمع ۷ - اکائی اور ایک اکائی کا
۹- سے مراد ہی حاصلجمع ۸ - اکائی اور ایک اکائی کا
۹- سے اوپر جتنے اعداد ہین وہ اعداد مذکورہ بالا مین
سے دو یا زیادہ ملانے سے حاصل ہوتے ہین مثلاً
دس ۱۰ - اسطور پر لکہا جاتا ہے ✣
۱۰- عدد ۹ کو ایک اکائی کے ساتہہ جمع کرنے
سے یا آنکہ صفر کو ایک دہائی کے ساتہہ ملانے
سے بنتا ہے کیونکہ ایک سب کہی اور عدد کے
مابعد آتا ہے تو اسے اکائی مراد نہین کہتے ✣
۱۱- ایک اکائی کو ایک دہائی کے ساتہہ جوڑنے
سے حاصل ہوتا ہے ✣
۱۲- دو اکائی ایک دہائی کے ساتہہ ملانے
سے بنتا ہی فی الجملہ اور اعداد ۹۹ تک کے
قیمت اسی طرح حاصل ہوتی ہے کہ عدد ماقبل
مین جتنی اکائیان ہون اور عدد مابعد مرتبہ
دوم مین جتنی دہائیان ہون اُن دونون کو
جوڑ کر حاصلجمع اُس عدد کے قیمت ہوتی ہے
۱۰۰- اسکے بعد آتا ہے یہہ عدد ایک اکائی
کو ۹۹- اور اکائیون کے ساتہہ یا آنکہ صفر کو
سو اکائی کے ساتہہ جوڑنے سے حاصل ہوتا
ہے کیونکہ اِس مقام پر قیمت ایک اکائے
کے نہین رکہتا بلکہ سو اکائی کی اسی طرح ہزار

دس ہزار سو ہزار یا لاکہہ دس لاکہہ سو لاکہہ یا
کروڑ دس کروڑ سو کروڑ یا ارب دس ارب
سو ارب یا کہرب دس کہرب سو کہرب یا نیل دس
نیل سو نیل یا پدم دس پدم سو پدم یا سنکہہ
سو سنکہہ ان سب کی قیمت برابر ایک اکائی
کے نہین بلکہ برابر اسقدر اکائیان کی ہی جسقدر
حسب مراتب اُس عدد مین ہین اسواسطے کہ
جب کوئی عدد اکیلا ہوتا ہی تو اُسکی قیمت اصلی
ہوتی ہے مگر جب کوئی اور عدد یا اعداد اُسکے
ماقبل آتے ہین تو اُسکی قیمت فی مرتبہ دس گنے
بڑہتی جاتی ہے اور ۳۸ مین ۸ کی قیمت ۸۰
۱۰ گنی یعنے ۸ دہائی یا ۸۰ قس علی ہذا الی ما شاء اللہ ✣
تنبیہ - ترتیب ذیل ذہن نشین کر لینے سے
طالبعلم کو طریق ارتسام و قرأت اعداد کا
بسہولت آسکتا ہے ✣



اسمین آٹہہ سو تیہتر کی قیمت اسطرح دریافت کیجاتی ہے
کہ چونکہ ۸ تیسرے مرتبہ پر ہی اسلئے وہ بجائے ۸ اکائی کے
۸ سیکڑی سمجہا جاویگا اور ۷ دوسرے مرتبہ پر ہے تو وہ
بجائے ۷ اکائی کے ۷ دہائی یعنی ۷۰ شمار کیا جاویگا
اور تین کی اپنی اصلی قیمت ہیگی اسواسطے کل

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

مرتبہ اکہرہیں کل آٹھہ سو تیہتر پڑنا جاویگا ٭

مثالات اول نمبر (۱)

مشق ارتسام و قرارت اعداد

۱- اعداد ذیل کو ہندسہ مین لکھو

(۱) چار - سات - نو - گیارہ - چودہ - پندرہ - بیس - اٹہارہ - چہبیس - اُنیس

(۲) تریسٹھ - سنتالیس - نوی - اڑتیس - تریپن - اکتیس - پچپن - تیرہ - چالیس

(۳) ایکسو - ایکسوسات - ایکسوکانوی - ایکسو سولہ - ایکسوچون - ایکسواٹہاسی - دوسو آٹہہ - تین سوتیس - آٹہہ سونو - نوسوننانوی - چہہ سودو - چارسواُنسٹہہ ٭

(۴) تین لاکہہ تیس - نولاکہہ چار ہزار - دوسو اُنچاس - سات لاکہہ دس ہزار - ایکسوچہہ - بیس لاکہہ چوالیس - لاکہہ - تین ہزار چوالیس - نوی لاکہہ نو ہزار نو تین کروڑ اور تین - دس کروڑ اکاسی لاکہہ آٹہہ ہزار - دو ارب پینتیس کروڑ - ترسٹہہ لاکہہ سات سو نواسی - دو نیل بیس لاکہہ دو ہزار دو - چون نیل دس کروڑ تیس لاکہہ اوپہنتالیس - تیرہ لاکہہ تیرہ ہزار تیرہ سو تیرہ ٭

اعداد ذیل کو لفظون مین بیان کرو

(۱) ۲۶ - ۱۹ - ۴ - ۱۷ - ۱۴ - ۸ - ۱۰ - ۷۰ - ۲۰

(۲) ۹۱ - ۴۲ - ۲۴ - ۳۵ - ۳ - ۹۹۰

(۳) ۴۱۶ - ۹۹ - ۸۰۷ - ۸۳۵ - ۱۱۹ - ۸۱ - ۶۰۰

(۴) ۱۸۰۳ - ۵۰۰۶ - ۱۱۱۹ - ۴۲۳۰ - ۹۸۷۶۶۰ - ۷۰۲۰ ٭

(۵) ۳۰۰۱۶۰۷۱ - ۱۳۳۴۵۶۷۸۹ - ۵۴۳۰۰۶ - ۴۱۸۳۲۱ ٭

بیان اُن علامتون کا جو حساب مین کام آتی ہین

علامت + جسکو مثبت بولتے ہین اُن دو یا دو سے زیادہ اعداد مین ڈالی جاتی ہے جنکو جمع کرنا منظور ہوتا ہے جیسا ۴ + ۵ + ۷ + اِس سے یہہ مراد ہے کہ ۴ و ۵ و ۷ کو جمع کرنا ہے ٭

علامت - جسکو منفی بولتے ہین اعداد کی بیچمین لاتے ہین جب عدد اول سے عدد دویم کو تفریق کیا چاہین ۷ - ۴ - اسی مراد ہے کہ ۴ کو ۷ مین منہا کرنا ہے ٭

علامت × جسے علامت ضرب کہتے ہین اعداد کی بیچمین لاتے ہین جنکو ضرب کیا چاہین مثلاً ۷ × ۵ اِس سے یہہ مراد ہے کہ ۷ کو ۵ مین ضرب دینا ہے ٭

علامت ÷ جسے علامت قسمت بولتے ہین دو اعداد کے درمیان لاکر یہہ مراد کہا جاتا ہے کہ اول کو دویم پر قسمت کرنا منظور ہے مثلاً ۸ ÷ ۴ - اِس سے یہہ مراد ہے کہ ۸ کو ۴ پر تقسیم کرنا ہے ٭

علامت = جسے علامات مساوات کہتے ہین دو اعداد کے درمیان لاکر یہہ مراد کہا جاتا ہے کہ ہر دو عدد مساوی ہین ٭

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

علامت + سے مراد اسلئے ہے +

علامت ( ) یا { } یا [ ] جسکو خط یا خطوط وحدانی بولتے ہین اس سے یہہ مراد ہے کہ جمع اعداد اندرونی کسی دوسری عدد یا لفظ پیروئے سے برابر موثر ہین مثلاً (۲+۳)۵ اس سے یہہ مراد ہے کہ ۲ و ۳ کو جمع کرکے ۵ مین ضرب دینا ہے برخلاف ۲+۳×۵ کے جسکے یہہ معنی ہین کہ ۳ کو ۵ مین ضرب دیکر ۲ اُسپر زیادہ کرتے ہین +

جمع

اعداد ایک جنس کے اکٹھا کرنیکو کہتے ہین +

قاعدہ

جن اعداد کو جمع کرنا منظور ہو انکو اسطرح لکھو کہ اکائیون کو اکائیونکے تلے اور دہائیونکو دہائیونکے تلے اور علی ہذا القیاس سیکڑی سیکڑون کے تلے آجاوین تب ایک خط عرضی اُنکے نیچے کھینچو بعد اسکے سب اکائیونکو جمع کرو اگر حاصلجمع دس سے کم ہو تو اُسکو اکائی کے مرتبہ پر لکھدو لیکن اگر حاصلجمع دس سے زیادہ ہو تو دیکھو کہ اُسمین کتنی اکائیان اور کتنے دہائیان ہین اکائیونکو اکائیون کے مرتبہ پر لکھکر دہائیون کو ہاتھہ لگا مانو بعد ازان سب دہائیون کو جوڑ کر ہاتھہ لگا اُسمین ملادو اور پھر موافق طریق گذشتہ کے دیکھو کہ حاصلجمع مین کتنی دہائیان اور کتنی سیکڑی ہین دہائیون کو دہائیون کے مرتبہ پر لکھکر سیکڑون کو ہاتھہ لگا مانو اور تب بطریق گذشتہ عمل کرتے جاؤ جبتک کہ اخیر مرتبہ پر پہنچو اور جو کچھہ کہ اخیر مرتبہ پر حاصل ہو وہی حاصل مطلوب ہے مثال ۹۶۹ ۵۴۳ ۷۴ کو جمع کرو موافق قاعدہ مرقومہ بالا اول انکو بترتیب لکھکر ایک خط عرضی نیچے کھینچو +

۹۶۹
۵۴۳
۷۴

۶۲۳۹

تمام اکائیون کو جوڑا تو نو اور تین بارہ اور سات انیس حاصلجمع ہوا اُسمین ایک دہائی اور نو اکائی ہے نو اکائی کو اکائی کے مرتبہ لکھکر ایک دہائی جو ہاتھہ لگی اُسکو دہائیون کے ساتھہ جوڑا تو ایک اور چھہ سات اور چار گیارہ اور دو تیرہ ہوئی تیرہ دہائی مین ۳ دہائی اور ایک سیکڑا ہے ۳ دہائیون کے دہائی کے مرتبہ پر لکھکر اور ایک سیکڑی کو ہاتھہ لگا مانکر اُنکو سیکڑون کے ساتھہ جمع کیا تو ایک اور چار پانچ اور سات بارہ ہوئی بارہ سو مین ۲ سیکڑی اور ایکہزار ہے دو سیکڑونکو اپنی مرتبہ پر لکھکر ایکہزار کو ہزارونکو ساتھہ جمع کیا تو ایک اور پانچ چھہ ہوے چھہ کو ہزار کی مرتبہ پر لکھدیا یہ اعداد کہ خط عرضی کے تلے جمع کرنی سے پیدا ہوئی وہی حاصلجمع مطلوب ہے یہہ طریق ذیل ۵ کے ہو سکتا ہے +

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

۹ + ۶۰ + ۴۰۰ + ۵۰۰۰ = ۵۴۶۹

+ ۳۰ + ۴۰ + ۷۰۰ = ۷۴۳

۷ + ۲۰ = ۲۷

ہر ایک مرتبہ کو علیحدہ علیحدہ جمع کرکے لکھا تو یہہ حاصل ہوا میزانکل = ۵۰۰۰ + ۱۱۰۰ + ۱۲۰ + ۱۹ ✤

= ۵۰۰۰ + ۱۰۰۰ + ۱۰۰ + ۱۰۰ + ۲۰ + ۱۰ + ۹

کیونکہ ۱۱۰۰۰ = ۱۰۰۰ + ۱۰۰ اور ۱۲۰ = ۱۰۰ + ۲۰ اور ۱۹ = ۱۰ + ۹

تو حاصلجمع = ۶۰۰۰ + ۲۰۰ + ۳۰ + ۹ پس کو اپنی اپنی مراتب پر لکھکر حاصلجمع کیا تو ۶۲۳۹ ہوئی جو موافق قاعدہ مندرجہ بالا کے حاصل ہوا تہا ✤

ثبوت عمل جمع

۱- ثبوت عمل جمع کا دو طرح سے ہو سکتا ہی ایک تو یہہ کہ جسطرح عمل جمع مین اوپر سے نیچے کو جمع کرتے چلے آئے تہے اسکو خلاف کیا جاوی یعنی نیچے سے اوپر کو جوڑتے چلی جاوین اور مراتب کا لحاظ موافق قاعدہ جمع کے رکہا جاوی چنانچہ مثال گذشتہ مین اکائی کے مرتبہ پر نو اور تین بارہ اور سات اینس حاصلجمع ہوا تہا اب اسکے خلاف عمل کیا تو سات اور تین دس ہزار اور نو اینس حاصلجمع ہوا اور حاصلجمع اکائیون مین جتنی اکائیان تہین انکو اکائی کے مرتبہ پر رکہکر دہائی کو ہاتہ لگا مانا اسیطرح تا مرتبہ اخیر عمل کرتی گئی تو اگر حاصلجمع وہی نکلی جو قاعدہ اصلے کی رو سے نکلا تہا تو عمل صحیح جانو ورنہ غلط ✤

(۲) یہہ کہ کل رقوم مین سے کچھہ قیمین خط عرضی سے جداکر کر اول انکو جمع کیا اور رقومات جدا کردہ شدہ کو انکو ساتہہ جوڑا تو اسصورت مین بہی اگر حاصلجمع وہی نکلی تو عمل صحیح ہوگا چنانچہ مثال ذیل سے واضح ہے ✤

۵۴۶۹
۷۴۳
۲۷
۷۰
۵۴۶۹
۶۲۳۹

امثلہ عمل جمع نمبر ۲

(۱) ۶۵۴ (۲) ۵۷ (۳) ۱۲

۳۲۱ ۸۷ ۳۵

۹۰۵ ۶۵ ۵۶

۵۰۹ ۴۳ ۸۰

۱۸۳

(۴) ۶۳۴ (۵) ۵۶۷

۵۰۰

۷۴۵

(۷) ۴۰۸۶ (۸)

۴۰۳۶

۱۰۳۰

۱۴۴۱

۱۰۵۸۳

۷۲۱ (۶) ۷۵۸

۴۶۳۲ ۳۶

۱۳۰۴ ۱۸۴۳

۴۰۰۲ ۱۴۱

۱۲۰۲ (۹) ۲۲۰۳۲۱

۴۲۵۸ ۱۰۸

۱۹۷۲۷۳ ۶۸۷۵۹

۱۰۰۰ ۷۰۲۰۸۲

۲۰۳۷۴۴ ۱۲۹۱۲۷۰

Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

سوالات جمع

(۱) ایک کتاب کی اول جلد مین ۳۷۴ صفحہ ہین اور دویم مین چارسو ۴۰۰ اور سویم مین ۳۸۲ اور چہارم مین ۳۳۹ اور پنجم مین ۳۷۵ تو بتاؤ کہ کل کتاب مین کتنے صفحہ ہونگے +

(۲) ایک سوداگر نے ۱۵۲ روپیہ زید سے ۲۷۵ عمرو سے اور ۱۱۷ بکر سے قرض لئے تو بتاؤ کہ سوداگر کو کسقدر روپیہ قرض دینا ہے +

(۳) ایک قرضدار نے اپنی قرض خواہ کو روپیہ قسط وار تفصیل ذیل ادا کیا +

قسط اول ۲۵۷ - قسط دوم ۹۹۵ قسط سوم ۴۵۸ قسط چہارم ۳۲۸ - قسط پنجم ۳۸۴ بتاؤ کہ کسقدر روپیہ اسنی ادا کیا +

(۴) ایکسیر شکر کے قیمت ۳ر ہے تو بتاؤ کہ ۲۷ سیر کی کیا قیمت ہوگی

(۵) ایکشخص ۱۸۴۳ء مین پیدا ہوا ۱۵ سال کے عمر مین اسکی شادی ہوئی ۳ سال بعد شادی کے اسکے لڑکا پیدا ہوا اور بعد پیدایش لڑکے کے وہ ۳۵ سال اور زندہ رہا تو بتاؤ کہ کس سال وہ مرگیا تہا +

(۶) ایکشخص کے باغ مین ۵۳۷ درخت آڑو کے اور ۹۲۷ فالسے کے اور ۳۵۳ سنگتری کے اور ۹۹۸ سیب کے اور ۲۵۷ شہتوت کے تہے تو بتاؤ کہ کل درخت اسکی باغ کے کتنے تہے +

(۷) ایکمرد اشراف سے کسی شخص نے پوچہا کہ آپکی عمر کتنی ہے جواب دیا کہ ۴۴ سال کی عمر مین مدرسہ مین داخل ہوا تہا ۱۰ سال وہان تعلیم پائی بعد ۷ سال اتفاق دہلی مین رہنے کا ہوا جب وہان سے دل برداشتہ ہوا تب عزم سیر لکہنؤ کا دل مین مصمم کیا اب ۴ سال سے سیر کرتا پہرتا ہون بتاؤ اسکی کیا عمر ہوگی +

(۸) ایک آدمی پیر کے دن ۳۶ میل چلا اور منگل کے دن ۲۸ میل اور بدہ کے دن مقام کیا پہر جمعرات کو ۲۷ میل چلا تو بتاؤ کہ چار دن کے عرصہ مین وہ کتنے میل چلا +

(۹) ایک آدمی ۱۸۱۷ء مین پیدا ہوا تہا تو بتاؤ کہ اُنہتر برس کا کس سنہ مین ہوگا +

(۱۰) تین لڑکے عمرو بکر اور زید ایک ٹوکرہ اور تہیلا لیکر ایک باغ مین سے سیب چننے گئے عمرو نے ایکسو چوراسی سیب تہیلے مین ڈالے اور ایکہزار تین سیب ٹوکری مین بکر نے اپنی ٹوکری مین اتنے سیب ڈالے جسقدر عمرو نے چنے تہے اور تہیلے مین اتنے ڈالے جتنے عمرو نے ٹوکری مین ڈالے تہے اور زید نے تمام اپنے سیب تہیلے مین ڈال لئے مگر جتنے عمرو نے تہیلے مین ڈالے تہے اور بکر نے ٹوکری مین اُن دونون

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

سے یہہ سیب ۷ زیادہ تہی تو بتاؤ ہر ایک نے
کتنی کتنی سیب چنی ہیں ؟

تفریق

(۱) ایک قسم کے دو عددوں میں سے چھوٹے عدد کو
بڑی عدد میں سے گھٹانے کو تفریق کہتے ہیں حاصل
تفریق باقی کہلاتا ہے ✣

(۱۱) چھوٹے عدد کو بڑی عدد کے تلے اسطرح لکھو
کہ اکائی دہائی وغیرہ اپنے اپنے مرتبہ کے تلے ہوں
تب ایک خط عرضی انکے نیچے لکھو ✣
نیچے کے عدد کی اکائی اوپر کے عدد میں سے منہا کرکے
باقی کو اکائی کے مرتبہ پر خط عرضی کے تلے لکھو لیکن
اگر اوپر کے عدد کی اکائی نیچے کے عدد کی اکائی سے
کم ہو تو اوپر کی اکائی میں ایک دہائی ملا کر نیچے کے
اکائی اسمیں سے منہا کرکے اور باقی کو اکائی کے
مرتبہ پر لکھدو اور تب ایک دہائی نیچے کے مرتبہ کے
دہائی میں زیادہ کرکے بطریق عمل گذشتہ عمل کرتے
جاؤ جبتک کہ عمل ختم ہو جو کچھہ کہ اس عمل سے نیچے
خط عرضی کے حاصل ہوگا وہی حاصل تفریق یا
باقی رہے ✣

مثال

۵۱۴۳ میں سے ۴۹۳۸ کو تفریق کرو موافق
قاعدہ مرقوم الصدر کے مفروق اور مفروق منہ
کو بترتیب لکھکر عمل کیا فرق ✣

مفروق منہ ۵۱۴۳
مفروق ۴۹۳۸
حاصل تفریق ہوا ۱۸۵

وجہ عمل

ظاہر ہے کہ تین میں ۸ نہیں ہو سکتا اسلئے ایک
دہائی ۳ میں زیادہ کی تو ۱۳ ہوئی ۱۳ میں سے ۸ کو
منہا کیا تو باقی پانچ بچے چونکہ مفروق منہ میں ایک
دہائی زیادہ کی گئی تہی تو مفروق میں بہی ایک
دہائی زیادہ کرنی چاہیئے تاکہ دونوں کے حاصل تفریق
میں اختلاف واقع نہو پس اسصورت میں نیچے کے عدد
کے دہائی کے مرتبہ پر کہ ۳ میں ایک دہائی زیادہ
کی تو ۴ دہائی ہوئی اب چونکہ ۴ — اوپر کے مرتبہ
کی دہائی میں سے کہ ۴ ہی تفریق نہیں ہو سکتا
اسلئے دس دہائی یعنی ایک سیکڑا اسمیں زیادہ
کیا تو وہ ۱۴ دہائی ہوئی ۱۴ دہائی میں سے
۹ دہائی کو منہا کرکے باقی کو دہائی کے مرتبہ پر
نیچے خط عرضی کے لکھدیا اور چونکہ مفروق میں
ایکسو زیادہ کیا ہے اسلئے مفروق ۹ سو میں بہی
ایک زیادہ کیا تو دس سو ہوئی اب ظاہر ہے
کہ دس سو ایکسو میں سے تفریق نہیں ہو سکتا اسلئے
ایکسو میں دس سو یا ایکہزار زیادہ کیا تو ۱۱ سو ہوئے
۱۱ سو میں سے ۱۰ سو منہا کئے تو باقی ایکسو ہوا اسکو
موافق قاعدہ گذشتہ کے نیچے خط عرضی کے سیکڑے
کے مرتبہ پر لکھدیا چونکہ مفروق منہ میں دس سو یا ایکہزار

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

زیادہ کئی ہین اسلئے مفروق ہین ایکہزار زیادہ کیا تو پانچہزار ہوئی پانچہزار کو پانچہزار مین سے منہا کیا تو کچہہ باقی نرہا پس کل حاصل تفریق ۱۸۵ ہوئی ✣

تنبیہ امتحان صحت عمل تفریق کا اس طرح ہو سکتا ہے کہ مفروق اور حاصل تفریق کو جمع کر کے دیکہو کہ حاصلجمع برابر مفروق منہ کے ہی یا نہین اگر برابر ہے تو عمل صحیح ہے ورنہ غلط چنانچہ مثال ذیل سے واضح ہو جاویگا ✣

مفروق منہ	۵۱۲۳
مفروق	۴۹۳۸
	۱۸۵
حاصلجمع مفروق باقی	۵۱۲۳

مثالات تفریق نمبر (۳)

(۱) ۶۶۳ (۲) ۹۷۶ (۳) ۷۰۴
۵۰۰ ۵۳۱ ۴۸۳

(۴) ۸۰۶ (۵) ۴۳۶ (۶) ۸۸۵۰۲
۷۲۰ ۳۰۸۶ ۳۸۷۶۴

(۷) ۴۶۰۹۵ (۸) ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵
۲۸۷۳۶ ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶

(۹) ۱۰۰۰۰۰۰۰ (۱۰) ۴۰۰۳۵۷۲۶۱
۱۰۱۰۱۰۱ ۹۹۹۸۸۷۷

(۱۱) ۸۹۴۳۷۱۸۴ (۱۲) ۱۰۰۰۴۰۰۸
۱۰۷۹۰۲۹۳ ۳۱۳۹۴۳

سوالات عمل تفریق نمبر ۳

(۱) ایک مدرسہ مین ۴۲۵ طالبعلم داخل ہوئے انمین سے ۸۷ حاضر تہی تو باقی کتنی غیر حاضر تہی ✣

(۲) ایک بزاز نے ۴۸۴۷ گز کپڑا خریدا اور ۳۹۳۶ گز بیچڈالا تہا تو بتاؤ کتنی گز بعد فروخت اسکی پاس باقی رہا ✣

(۳) ایکشخص ۱۸۳۵ء مین پیدا ہوا اور ۱۸۵۳ء مین مرگیا بتاؤ کتنی برس وہ زندہ رہا ✣

(۴) ایک لڑکے پاس ۷۵ سیب تہے ۱۵ اسنے بہائی کو دیئے اور ایک اپنی بہن کو ۱۰ متفرق اپنے رشتہ دار و نکو بانٹ دیئے ۸۵ بندر لیگئے اور ۴۸ گلہریان کہاگئین اب اسکی پاس کتنی باقی رہی ✣

(۵) ہماری پاس ۴۸۰۵۳۸۰ روپیہ ہین انمین کتنا اور ملا دین کہ ایک کروڑ ہو جاوی ✣

(۶) ۴ پیسونکا آنہ ہوتا ہے اور ۱۶ آنونکا روپیہ ایکروپیہ مین پیسے نسبت آنونکی کتنی زیادہ ہین ✣

(۷) ایکشخص کو ۶۴۰ میل سفر کرنا ہی اور ۴۴۰ میل انمین سے قطع کر چکا ہے تو باقی کتنی میل جانا باقی ہے ✣

(۸) ایکشخص کے پاس ۱۷۵۶ بیگہہ زمین ہے انمین سے ۴۵۰ بیگہہ تو اسنی اپنی بڑی بیٹی کو اور ۳۳۰ اپنی چہوٹے بیٹے کو تقسیم کر دی تو اسکے پاس کی بیگہہ باقی رہے ✣

(۹) زید چار شخصونکا قرضدار ہی ایک سے ۸۰ روپیہ دوسری سے ۹۰ تیسری سے ۷۵۰

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

اور چوتھی سے ۶۱۰ بطریق دستگردان لیکے ہین اور ۱۷۹ روپیہ ادا می قرضہ کی لئی موجود ہین اگر وہ یہہ کُل روپیہ دیدی تو کسقدر قرض اُسپر باقی رہیگا ۞ (۱۰) ۶۲۵ اور ۳۸۷۶ کی حاصل تفریق ہین سے حاصلجمع ۴۳۱۷ - اور ۳۵ کا تفریق کرو ۞

عمل ضرب

ضرب جمع متواتر کا مختصر قاعدہ ہی مثلاً ۳ کو ۴ ہین ضرب دیا چاہین تو حاصلضرب اُسکا وہی ہوگا جو کہ ۳ کو ۴ مرتبہ جمع کرنے سی حاصل ہوتا ہی یعنے ۳ + ۳ + ۳ + ۳ = ۱۲ جس عدد کو کئی مرتبہ جوڑا چاہتے ہین اُسکو مضروب اور جتنی دفعہ کہ اُوسکو جوڑتے ہین اُس تعداد کو مضروب فیہ کہتے ہین اور جو کچھہ کہ اُنکا باہم ضرب کرنی سی حاصل ہوتا ہے اُسکو حاصلضرب بولتے ہین مثال گذشتہ مین ۳ مضروب اور ۴ مضروب فیہ اور ۱۲ حاصلضرب ہی ۞

۱۶ تک کے پہاڑے نقشہ ذیل مین درج ہین اُنکو خوب حفظ کرنا چاہئی ۞

نقشہ پہاڑہ

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۲	۴	۶	۸	۱۰	۱۲	۱۴	۱۶
۳	۶	۹	۱۲	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴
۴	۸	۱۲	۱۶	۲۰	۲۴	۲۸	۳۲
۵	۱۰	۱۵	۲۰	۲۵	۳۰	۳۵	۴۰
۶	۱۲	۱۸	۲۴	۳۰	۳۶	۴۲	۴۸
۷	۱۴	۲۱	۲۸	۳۵	۴۲	۴۹	۵۶
۸	۱۶	۲۴	۳۲	۴۰	۴۸	۵۶	۶۴
۹	۱۸	۲۷	۳۶	۴۵	۵۴	۶۳	۷۲
۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰
۱۱	۲۲	۳۳	۴۴	۵۵	۶۶	۷۷	۸۸
۱۲	۲۴	۳۶	۴۸	۶۰	۷۲	۸۴	۹۶
۱۳	۲۶	۳۹	۵۲	۶۵	۷۸	۹۱	۱۰۴
۱۴	۲۸	۴۲	۵۶	۷۰	۸۴	۹۸	۱۱۲
۱۵	۳۰	۴۵	۶۰	۷۵	۹۰	۱۰۵	۱۲۰
۱۶	۳۲	۴۸	۶۴	۸۰	۹۶	۱۱۲	۱۲۸

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

۱	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۲	۱۸	۲۰	۲۲	۲۴	۲۶	۲۸	۳۰	۳۲
۳	۲۷	۳۰	۳۳	۳۶	۳۹	۴۲	۴۵	۴۸
۴	۳۶	۴۰	۴۴	۴۸	۵۲	۵۶	۶۰	۶۴
۵	۴۵	۵۰	۵۵	۶۰	۶۵	۷۰	۷۵	۸۰
۶	۵۴	۶۰	۶۶	۷۲	۷۸	۸۴	۹۰	۹۶
۷	۶۳	۷۰	۷۷	۸۴	۹۱	۹۸	۱۰۵	۱۱۲
۸	۷۲	۸۰	۸۸	۹۶	۱۰۴	۱۱۲	۱۲۰	۱۲۸
۹	۱۸	۹۰	۹۹	۱۰۸	۱۱۷	۱۲۶	۱۳۵	۱۴۴
۱۰	۹۰	۱۰۰	۱۱۰	۱۲۰	۱۳۰	۱۴۰	۱۵۰	۱۶۰
۱۱	۹۹	۱۱۰	۱۲۱	۱۳۲	۱۴۳	۱۵۴	۱۶۵	۱۷۶
۱۲	۱۰۸	۱۲۰	۱۳۲	۱۴۴	۱۵۶	۱۶۸	۱۸۰	۱۹۲
۱۳	۱۱۷	۱۳۰	۱۴۳	۱۵۶	۱۶۹	۱۸۲	۱۹۵	۲۰۸
۱۴	۱۲۶	۱۴۰	۱۵۴	۱۶۸	۱۸۲	۱۹۶	۲۱۰	۲۲۴
۱۵	۱۳۵	۱۵۰	۱۶۵	۱۸۰	۱۹۵	۲۱۰	۲۲۵	۲۴۰
۱۶	۱۴۴	۱۶۰	۱۷۶	۱۹۲	۲۰۸	۲۲۴	۲۴۰	۲۵۶

دوسرا قاعدہ عمل ضرب جب کہ مضروب ۱۶ سے زیادہ نہو

مضرب فیہ کو مضروب کے نیچے اسطور پر کہو کہ اکائی اکائی کے تلی اور دہائی دہائی کے تلی تب اُنکے نیچے ایک خط عرضی کھینچو تب مضروب کے ہر ہر مرتبہ کو بامداد پہاڑہ جو نقشہ بالا مین درج ہی مضروب فیہ سے ضرب کرو اور حاصلضرب ہر مرتبہ کو بطریق جمع ہاتھہ لگا لگا کر حاصلضرب مرتبہ اعلےٰ کے ساتھہ جوڑتے اور نیچے لکھتے جاؤ چنانچہ مثال ذیل سے واضح ہو جاویگا ؎

۱۱ — ۹۸۷

۱۲ — ۱۱۸۴۴ حاصلضرب

وجہ عمل اول معلوم کیا کہ ۱۲ دفعہ ۷ کتنی ہوئے تو نقشہ سے معلوم ہوا کہ ۸۴ ہین ۴ اکائیان اور ۸ دہائیان ہین ۴ کو اکائی کے مرتبہ پر لکھا اور ۸ دہائی کو ہاتھہ لگا مانا پھر چونکہ ۸ دوسرے درجہ مین اور اسلیے حقیقت مین ۸۰ ہین تو ۱۲ کو ۸۰ مین ضرب دیا ۹۶۰ یعنی ۶ دہائی اور ۹ سکڑی ہوئی پھر ہاتھہ لگے ۸ دہائی کو ۶ دہائی اور ۹ سیکڑوں کے ساتھہ جوڑ کر ۱۴ دہائی اور ۹ سیکڑی یعنی چار ہزار سے ہوئے ۴ دہائی کو

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

دہائی کے مرتبہ پر لکھکر دس یعنی ہزار ہاتھہ لگاؤ پھر ۱۲ کو ۹۰۰ مین ضرب دیا کیونکہ ۹ تیسرے مرتبہ پر ہونیکے باعث نو سو کی قیمت رکھتا ہے) تو ۱۰۸۰۰ ہوئی اور ہاتھہ لگے ہزار ساتھہ ملاکر حاصلجمع ۱۱۸۰۰ ہوئے ۸ سو کو اپنے مرتبہ پر لکھکر ۱۱۰۰ ہاتھہ لگے اب چونکہ کوئی اور عدد مضروب کا باقی نہین اسلئے ۱۱۰۰ کے ۱۱۰۰۰ ہوئے تو حاصلضرب ۱۱۸۴۴ ہوا ✤

(۱۲) قاعدہ ضرب جبکہ مضروب فیہ ۱۶ سے زیادہ نہین ہے بمبر ۴

(۱) $\frac{3}{9}\ 6\ 8\ 7\ 5$ (۲) $\frac{4}{3}\ 7\ 6\ 5\ 4\ 3$

(۳) $\frac{6}{9}\ 7\ 0\ 5$ (۴) $\frac{6}{9}\ 3\ 0\ 5\ 9\ 7$

(۵) $\frac{7}{9}\ 3\ 0\ 4\ 9\ 7$ (۶) $\frac{8}{9}\ 9\ 6\ 8\ 0\ 5$ ۱۲

(۷) $\frac{9}{9}\ 5\ 2\ 1\ 9\ 6\ 5$ (۸) $\frac{10}{9}\ 0\ 5\ 3\ 0\ 2\ 7$

(۹) $\frac{11}{9}\ 6\ 7\ 0\ 8\ 4$ (۱۰) $\frac{12}{9}\ 3\ 2\ 7\ 8\ 9$

(۱۱) $\frac{13}{9}\ 8\ 7\ 6\ 6\ 3\ 8$ (۱۲) $\frac{14}{9}\ 9\ 7\ 8\ 7\ 9\ 3\ 2\ 8$

(۱۳) $\frac{15}{9}\ 7\ 6\ 6\ 0\ 0\ 0\ 9$ (۱۴) $\frac{16}{9}\ 8\ 7\ 6\ 5\ 4\ 3\ 2\ 1$

سوالات ضرب مختصر

(۱۵) ایک محلہ مین ایکہزار آٹھہ سو پچہتر گہر ہین اور ایک گہر مین بالاوسط ۷ متنفس ہین تو کل محلہ مین کتنی آبادی ہے ✤

(۱۶) دو شخص ایک ہی وقت ایک ہی مقام سے خلاف سمتونکو روانہ ہوتے ہین انمین سے ایک شخص بسواری گاڑی ۱۲ میل فی گھنٹہ چلتا ہے اور دوسرا ۴ میل فی گھنٹہ تو بتلاؤ کہ ۹ گھنٹہ کے اخیر مین وہ کسقدر دور ہوجاوینگے ✤

(۱۷) ۱۲ درجن اور ۹ مین کسیقدر بوتلین ہین اور ۱۷ درجن مین انسے کتنی بوتلین زیادہ ہونگی اور یاد رکھو کہ درجن ۱۲ کی ہوتی ہے ✤

(۱۸) ایک بیرونکا ٹوکرا اسطور پر تقسیم کیا گیا کہ اول جماعت کے ۱۲ لڑکون مین سے ہر ایک کو ۹ اور دوسری جماعت کے ۹ لڑکون مین سے ہر ایک کو ۴ اور تیسری جماعت کے ۳۷ لڑکونکو ہر ایک کو ۱۲ اور بعد تقسیم کے ۷ بیر ٹوکری مین باقی بچے تو بتاؤ کہ ٹوکری مین کل کتنے بیر تھے ✤

(۱۳) قاعدہ ضرب جبکہ مضروب فیہ ۱۶ سے زیادہ ہی

قاعدہ مضروب اور مضروب فیہ کے اعداد کو اسطرح لکھو کہ اکائیان اکائیون کی نیچے اور دہائیان دہائیون کے نیچے وغیرہ ہون اور مضروب فیہ کے تلے ایک خط عرضی کھینچو تب مضروب فیہ کی اکائیون مین مضروب کے ہر ایک ہندسہ کو ترتیب وار ضرب کرنا شروع کرو اور حاصلضرب مین جتنی اکائیان ہون انکو اکائیون کے مرتبہ پر لکھکر جتنی دہائیان کہ حاصلضرب سے حاصل ہوئی ہون انکو موافق قاعدہ جمع کے دہائیون کے حاصلضرب مین جوڑ دو اور موافق طریق گذشتہ

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

کرتے جاؤ جب تک کہ مضروب فیہ کے اول درجہ
ضرب ختم ہو جاوی تب مضروب فیہ کے دوسرے درجہ
با دہائی عدد مضروب کے مرتبہ کو موافق گذشتہ ضرب
رو اور جو کچھہ کہ حاصل ہوا سکو دہائی کے درجہ سے
لہنا شروع کرو اور جب مضروب فیہ کے تیسرے
رجہ یا مرتبہ سیکڑا سے ضرب کرنا شروع کرو تو حاصلضرب
تیسری درجہ یا مرتبہ سیکڑا سے لکھو اور علی ہذا القیاس
اسطی باقی مراتب مضروب فیہ کے عمل کرو جبتک
ہ ضرب تمام مراتب سے ختم ہو جاوی بعد اسکے
یک خط عرضی کھینچکر تمام ہندسونکو کہ مابین
طین عرضی کے واقع ہین موافق قاعدہ جمع کے
یع کرو حاصلجمع حاصلضرب مطلوب ہوگا ٭

مضروب ۱۳۵۷

مضروب فیہ ۵۷۴

۵۴۲۸

۹۴۹۹

۶۷۸۵

حاصلضرب ۷۷۸۹۱۸

جہ عمل پیچھے بتلایا گیا ہے کہ حاصلضرب ۱۳۵۷ کا
۴ و ۷ اور ۵ سے کیونکر حاصل ہوتا ہے اور چونکہ
۵۷۴ = ۵۰۰ × ۷۰ + ۴ اسواسطے جب ۱۳۵۷
لو ۴ سے ضرب دیا جاتا ہے تو حاصل ۵۴۲۸
کلتا ہے اور جب ۱۳۵۷ کو ۷۰ سے ضرب دیا جاتا ہے
بباعث اسکے کہ وہ درحقیقت ۷۰ سے ضرب
ہاتا ہے کیونکہ عدد ۷ دہائی کے جگہہ پر ہے

حاصلضرب ۹۴۹۹۰ ہوتا ہے اور جب ۱۳۵۷
کو ۵ سے ضرب دیا جاتا ہے تو بسبب اسکے کہ وہ
درحقیقت ۵۰۰ سے ضرب کہاتا ہے کیونکہ ۵ سیکڑہ
سیکڑی کے مرتبہ پر ہے حاصلضرب ۶۷۸۵۰۰
ہوتا ہے پس ظاہر ہے کہ ۷ اور ۵ کی مقامی قیمت
کا لحاظ نہ کرنے اور فقط اعداد ۷ اور ۵ کی ضرب
دینے سے کچھہ نقصان نہین بشرطیکہ یہہ خیال رکھا
جاوی کہ دوسری سطر کے اول ہندسہ کو اول سطر کے
دہائی کے جگہہ کے مقابل لکھین اور تیسری سطر کے
پہلے عدد کو سیکڑی کے مرتبہ کے برابر دہرین اوپر
کی مثال سمیت صفرہائی متعلقہ پھر لکھی جاتی ہے ٭

۱۳۵۷ × ۴ = ۵۴۲۸

۱۳۵۷ × ۷۰ = ۹۴۹۹۰

۱۳۵۷ × ۵۰۰ = ۶۷۸۵۰۰

تنبیہ چونکہ ۱ یا کوئی عدد اور صفر سے ضرب
کہاکر صفر ہی رہتا ہے اسلئے اگر مضروب فیہ مین
کوئی صفر ہو مثلاً ۱۳۵۷۰۳ مین تو اول ۳ سے ضرب
دیا جائیگا اور پھر ۷ سے مگر اسصورت مین عدد اول
جو ۷ مین ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے سطر بالا
کے تیسری ہندسہ کے نیچے لکھا جاویگا بجائے اسکے
کہ دوسری ہندسہ کے نیچے لکھا جائے کیونکہ درحقیقت
ہمنے ۷ سے ضرب نہین دینی بلکہ ۷۰ سے مثال
اسکی ذیل مین مع

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

۸۹۶
۷۰۳
۲۶۸۸
۶۲۷۲
۶۲۹۸۸۸

اسواسطے کہ ۳ × ۷۰۰ = ۲۱۰۰ اور
۸۹۶ × ۳ = ۲۶۸۸
۸۹۶ × ۷۰۰ = ۶۲۷۲۰۰
۶۲۹۸۸۸

اسلئے حاصلضرب

تنبیہ اگر مضروب فیہ یا مضروب یا دونون کے اول مین صفر ہون تو عمل مین چھوڑ دینی چاہئین اتنا خیال رکھا جاوی کہ جسقدر صفر مضروب فیہ یا مضروب یا دونون کے اول چھوڑین جاوین اُتنی ہی بعد عمل کے حاصلضرب کے اول کہدیئی جاوین چنانچہ اگر ۶۴۳ کو ۶۲۰۰ سے ضرب کیا جاوی اور ۵۷۰ کو ۳۴۰۰ سے تو عمل اسطرح کرنا چاہئی (۱) ۶۴۳ × ۶۲۰۰ (۲) ۵۷۰ × ۳۴۰۰

۱۲۸۶
۱۹۲۹
۳۸۵۸
۳۹۸۰۶۰۰

۱۹۰
۱۷۱
۱۹۴۰۰۰

وجہ عمل

وجہ اسکی ظاہر ہے کہ مثال اول مین جب ۳ سے ضرب دیجاتی ہے تو فی نفس الامر ۶۰۰ سے ضرب دیجاتے ہی اور حاصلضرب ۳ کا ۶۰۰ مین ۶۰۰ ہوتا ہی اور دوسری مثال مین حاصلضرب ۷ کا ۵ مین گویا حاصلضرب ۷۰ کا ۳۰۰ مین ہے اور جب ۷۰ کو ۳۰۰ مین ضرب دیا جاتا ہی تو ۱۹۴۰۰۰ حاصل ہوتا ہے ✤

تنبیہ چونکہ ۲ + ۴ = ۲ × ۴ = ۲ × ۲ × ۲ = ۸
اور ۴ × ۲ = ۴ + ۴ = ۲ + ۲ + ۴ = ۸
اسلئی ۴ × ۲ = ۴ + ۴

اور یہی قاعدہ اعداد دیگر پر عائد ہو سکتا ہے

تنبیہ امتحان صحت عمل ضرب اسطرح ہو سکتا ہے کہ مضروب فیہ کو مضروب اور مضروب کو مضروب فیہ قرار دیکر عمل کیا جاوی اور اگر حاصلضرب مثل حاصلضرب اول نکلے تو عمل صحیح ہے ✤

امثلہ ضرب جنکا مضروب فیہ ۱۶ سے زیادہ ہی مگر ۵ سے نہیں

(۱) ۸۸۵ × ۴۹ (۲) ۷۹۸ × ۳۷ (۳) ۴۶۳ × ۴۵
(۴) ۶۸۳ × ۵۵ (۵) ۷۳۴ × ۶۰ (۶) ۷۰۱۷ × ۵۱۶
(۷) ۳۹۴ × ۱۰۴ (۸) ۱۹۸۷ × ۳۴۹ (۹) ۵۷۶۶ × ۴۷۸
(۱۰) ۹۸۶ × ۵۳۰ (۱۱) ۸۰۰ × ۸۳۴۰ × ۶۵ (۱۲) ۹۰۴۴۶۸ × ۵۰۰۸
(۱۳) ۱۲۳۶ × ۳۸۷۰۶ (۱۴) ۳۰۸۶ × ۵۹۰۷۴۴ (۱۵) ۴۶۸۷۰۵۳ × ۴۵۶۸۴۱ × ۸۳۵۲۸
(۱۶) ۵۹۸۸۰۵۰ × ۹۷۲۰۰
(۱۷) ۷۴۸۶۳۵۰۰ × ۸۴۷۰۱۵۰

(۱۸) ایک گڑھے تین ۱۲ بو توپ لگتی ہین اور ہزار گڑھے سپاہ کے لئی تیار کرنے مین کتنی بو توپ سب کے لئے درکار ہین ✤

(۱۹) ایک سال مین ۸۷۶۶ گھنٹی ہوتے ہین تو ۴۸ سال مین کتنی گھنٹی ہونگے ✤

(۲۰) ایک لڑکے نے پوری دس سال کی عمر مین دنات پائی تو وہ کتنی گھنٹی جیا ✤

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

(۲۱) ایک فوج مین ۱۲ رجمنٹین پیادہ کی ہین اور فی رجمنٹ ۵۹۵ آدمی ہین اور دس رجمنٹ سوار دنکی ہین اور فی رجمنٹ ۶۲۴ آدمی ہین تو کل سپاہ مین کتنے آدمی ہین ٭

(۲۲) نبض فی گھنٹہ ۲۴۴۳ مرتبہ چلتی ہے تو ایک ہفتہ مین کے بار چلیگی ٭

(۲۳) ایک فوج مین ۴۸۰۰ آدمی ہین اون مین فی آدمی کو سرکار سے ۲۴ روپیہ بطریق انعام مرحمت ہوئے تو کل کتنا روپیہ انمین تقسیم ہوا ٭

(۲۴) کتابین فی ۳۶ صفحون کی ہین اور فی صفحہ ۳۶ سطرین ہین اور ہر سطر مین ۳۶ الفاظ تو کل الفاظ ۱۲ کتب مین کتنے ہوئے ٭

(۲۵) ایکشخص ۷۳ روپیہ ہر روز بچاتا ہے تو ۵ سال مین اسکے پاس کتنا روپیہ جمع ہوجائیگا اور ایک سال مین ۳۶۵ روز ہوتے ہین ٭

(۲۶) تین شخص ۲۵ پچیس ۲۵ سال کے عمر مین باہم واسطی تجارت کے شریک ہوئے اور ہر ایک کو فی سال ۱۰۰ روپیہ نفع ہوا ۵۰ برس کے عمر مین وہ تجارت سے دست بردار ہوئے تو ہر ایک نے کیا نفع اٹھایا ٭

(۲۷) ایک درخت سیخ کے عمر ۱۰۰ کی اول ۲۵ سال مین اسمے پیدایش تخم بالا وسط ۵۶۳۰۸ ہوئی اور دوسرے ۲۵ سال مین اس تعداد سے دگنی پیدایش ہوئی اور سنین یافتہ مین اس اندازہ سے گنی تو بالفرض ہر ایک سیخ مین سے ایک ایک درخت پیدا ہوا ۲۷ سال اور ۱۰۰ سالمین جداگانہ کتنے درخت پیدا ہوئے ٭

تقسیم

(۱۴) تقسیم تفریق متواتر کا مختصر قاعدہ ہے یا اینکہ قاعدہ ہی جس سے معلوم کیا جاتا ہی کہ ایک عدد ہی جسکو مقسوم علیہ کہتے ہین دوسرے عدد مین جسے مقسوم کہتے ہین کئی دفعہ جاسکتا ہی وہ عدد جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مقسوم علیہ مقسوم مین اتنی دفعہ گھٹ سکتا ہی اسی خارج قسمت بولتے ہین چنانچہ ۱۲ کو ۴ پر تقسیم کیا تو خارج قسمت ۳ نکلا کیونکہ اگر ۴ کو ۱۲ مین سے گھٹاوین تو ۸ باقی رہتے ہین اور ۴ کو ۸ مین سے منہا کرین تو ۴ باقی بچتے ہین اور ۴ کو ۴ سے منفی کرین تو کچھ باقی نہین رہتا یعنی ۱۲ - اکائی کی مجموعہ ہی اکائی کا مجموعہ ۳ دفعہ گھٹ سکتا ہی اور اسکو اس طرح ادا کیا جاتا ہے ۱۲ کو ۴ پر قسمت کیا تو ۳ حاصل قسمت نکلا ٭

15

تنبیہ جب مقسوم مین سے مقسوم علیہ جو دفعہ ممکن ہو جا چکے تو جو کچھ پیچھے باقی رہجاوی اُسے باقی بولتے ہین چنانچہ ۱۴ کو ۴ پر تقسیم کیا تو ۳ باقی رہی کیونکہ ۱۴ مین سے ۴ کو گھٹایا تو ۱۰ باقی رہی پھر تفریق کیا تو ۶ رہی پھر منہا کیا تو ۲ باقی بچی یعنے ۱۴ - اکائی کے مجموعہ مین سے ۴ اکائی کے مجموعہ تین ۳ دو دا کائی داخل ہین اور اسکو اسطرح بیان کیا جاتا ہے کہ ۱۴ کو ۴ پر تقسیم کیا تو

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

۳ خارج قسمت ہوئی اور ۴ باقی بچے ✤

تنبیہ تقسیم کا عمل خلاف ضرب کے ہے کیونکہ ضرب کے قاعدہ سے ۳×۴=۱۲ ہوتے ہین اور تقسیم کے قاعدہ سے ۱۲÷۴=۳ ہوتا ہے ✤

(۱۵) قاعدہ تقسیم جب مقسوم علیہ ۱۶ سی زیادہ نہو ✤

قاعدہ مقسوم اور مقسوم علیہ کو بطریق ذیل لکھو

مقسوم | مقسوم علیہ

اول مقسوم کے بائین طرف سی تعداد اقل ہندسون کا جو مقسوم علیہ سی کم نہو لیکر نقشہ پہاڑہ سی معلوم کرو کہ مقسوم مین سے مقسوم علیہ کئی دفعہ گھٹ سکتا ہی اور خارج قسمت کو اس عدد کی اکائی کے مرتبہ کے تلے لکھو پہر باقی دہنی طرف سی (خواہ وہ باقی صفر ہو یا کوئی اور عدد) اُتنے عدد لے لو جتنی مین وہ مقسوم علیہ سے کم نرہین تب بطریق گذشتہ خارج قسمت معلوم کرو اور اسبات کا خیال رکھو کہ عدد اول و آخر کے سوا جتنی ہندسہ نیچے اُنکے آگے ایک صفر سمجھا جاوی اور عمل گذشتہ کرتے جاؤ جبتک مقسوم کے سب ہندسہ اتر چکین اگر کچھ باقی رہے تو اُسے خارج قسمت سی علیحدہ لکھو ✤

مثال

$\frac{۴۳۶۷}{۴۸۴}$ (۹

یہان تعداد اقل ہندسونکا جو مقسوم علیہ سے کم نہین

۴۳۶ درپافت ہوا ۴۳۶ ÷ ۴۸ = ۹ اور ۴ باقی بچے ۹ کو بجائی خارج قسمت کے نیچے لکھا اور باقی کو ۷ تصور کیا ہندسہ سابعد اُسکے جوڑ دیا تو ۴۷ ÷ ۴۸ = ۸ اور ۱ باقی بچا ۸ کو ۹ کے بعد خارج قسمت مین اور باقی ۱ کو ۰ تصور کرکے اُسکے ساتھہ جوڑ دیئی تو ۱۶ ÷ ۴۸ تب ۴۸ کو ۸ کے بعد خارج قسمت مین لکھا اور باقی کچھہ نہ رہا تو خارج قسمت ۴۸۴ ہوا ✤

وجہ عمل

۴۳۶۷ = ۴۰۰۰ + ۷۰۰ + ۳۰۰ یا ۴۳۶۷ = ۴۸۰۰ + ۳۸۰ + ۶

چونکہ ۴۸۰۰ = ۴۸ × ۱۰۰ — اسواسطے ۴۸۰۰ ÷ ۴۸ = ۱۰۰

اور ۱۰۰ باقی رہے تو کل ۱۰۰ × ۱۰ ہے جسکو ۴۸ پر تقسیم کرنا ہی

اب چونکہ ۳۸۰ = ۴۸ × ۸ — اسواسطے ۳۸۰ ÷ ۴۸ = ۸

اور دس باقی رہے اسواسطے کل باقی ۱۰ + ۶ یا ۱۶ ہے جسکو ۴۸ پر قسمت کرنا چاہئی اور ۱۶ ÷ ۴۸ تو حاصل قسمت صحیح ۹۰۰ + ۸۰ + ۴ یا ۹۸۴ ہوئی ✤

مثال دوسری $\frac{۱۵۸۳۴۷}{۴۸۴}$ باقی ۳۱

۱۲ — ۵۸ مین سے ۱۲ — ۴ دفعہ گھٹ سکتے ہین اور باقی اچھی ہین تو ۴ کو ۸ کے نیچے خارج قسمت مین لکھا اور پہر ۱۰۳ مین سے ۱۲ — ۸ دفعہ گھٹتی ہین اور ۷ باقی رہتی ہین تو ۸ کو حاصل قسمت مین لکھہ لیا پہر ۷۴ مین ۱۲ — ۶ دفعہ جا سکتے ہین اور دو باقی رہتی ہین تو ۷ کو خارج قسمت مین لکھا پہر ۲۷ مین سے ۱۲ دو دفعہ گھٹ سکتے ہین اور تین باقی بچتی ہین تو ۳ کو حاصل قسمت مین

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

لکھکر باقی ۳ کو الگ لکھ لیا یعنی ۷۴۷۵۸۳ مین سے ۱۲
۴۸۶۲ دفعہ گھٹ سکتا ہی اور ۷۴۷۵۸۳ مین سے
۳ غیر منقسم باقی رہتی ہین ٭

امثلہ قسمت جنکا مقسوم علیہ ۱۶ سے زیادہ نہو

(۱) ۶۷ ÷ ۳ (۲) ۳۰ ÷ ۴ (۳) ۱۸ ÷ ۶ (۴) ۴۷ ÷ ۷
(۵) ۵۶ ÷ ۸ (۶) ۴۵ ÷ ۹ (۷) ۹۴ ÷ ۱۱ (۸) ۶۲۴ ÷ ۴
(۹) ۳۶۹۳ ÷ ۳ (۱۰) ۴۸۴ ÷ ۴
(۱۱) ۹۵۲۷۸۶ ÷ ۵ (۱۲) ۳۵۸۷۴۰۰ ÷ ۶
(۱۳) ۲۹۵۶۱۳ ÷ ۷ (۱۴) ۱۲۳۴۵۶۷ ÷ ۸
(۱۵) ۸۷۶۵۴۳۲۱ ÷ ۹ (۱۶) ۸۸۸۸۸۸۸۸ ÷ ۱۰
(۱۷) ۸۰۰۴۴۱۳۷۲ ÷ ۱۱ (۱۸) ۱۴۵۷۶۵۱۷۴ ÷ ۱۲
(۱۹) ۹۸۶۷۸۲ ÷ ۱۳ (۲۰) ۸۹۷۸۳ ÷ ۱۴
(۲۱) ۹۶۷۸۶۷۸۶ ÷ ۱۶ (۲۲) عدد ۶۹ کو کئی دفعہ
گنین کہ ۶۳۰ بنجاوین اور عدد ۹ کو کئی دفعہ ٭
(۲۳) ایک عدد ہی جسکو ۱۲ مین ضرب دیکر ۱۸۳۰ حاصلضرب
ہوتا ہے بتاؤ وہ عدد کونسا ہے ٭
(۲۴) اگر حاصل قسمت ۸ ہو اور باقی بھی ۸ اور مقسوم
۴۵۶۷۸۳۴۷ تو بتاؤ کہ مقسوم علیہ کیا ہوگا ٭
(۲۵) ایک لڑکے کے پاس ایک تھیلا ہے جسمین ۱۶۰۸
سپاریان ہین اُسنے اپنے واسطے ۱۲ رکھکر چھوڑین اور باقی گیارہ
ہم بکتون کو باقی مین سے برابر تقسیم کردین اور جو باقی بچے رہین
انکو بھی اُسنے اپنے واسطے رکھکر چھوڑا تو بتاؤ کہ اُسکے پاس
کتنی سپاریان نہین اور ہر لڑکو نہین سے ہر ایک کو کتنا کتنا ملا ٭

۱۵ قاعدہ تقسیم جبکہ مقسوم علیہ ۱۶ سے زیادہ ہی

قاعدہ مقسوم اور مقسوم علیہ کو بطریق ذیل لکھو جو
قسمت مقسوم اور مقسوم علیہ کے بائین طرف تعداد اقل
ہندسونکا جو مقسوم علیہ سے کم نہو لیکر دریافت کرو کہ اس
تعداد مین سے مقسوم علیہ کے دفعہ گھٹ سکتا ہی اور حاصل
قسمت کو خارج قسمت کی جگہہ پر لکھکر مقسوم علیہ کو
اُس عدد سے ضرب دو اور حاصلضرب اُن ہندسون
کے نیچے جو لئے گئے تھے لکھکر باقی نکالو پھر باقی کے
بائین طرف (خواہ باقی صفر ہو یا کوئی عدد)
تعداد اقل اُن ہندسونکا جو مقسوم مین باقی ہی ہون
شامل کردو اور جو طریق حاصل قسمت دریافت کرنیکا
پہلے عمل مین لا چکے ہو اُسکو پھر جاری کرو مگر یہہ احتیاط
رکھو کہ ہندسہ اول خارج قسمت کی بعد جسقدر ہندسے
سوا ہندسہ اخیر کے مقسوم سے اُتارے جاوین اُنکے آگے
ایک صفر رکھا جاوی اور عمل گذشتہ کرتے جاو جبتک
سب ہندسہ مقسوم کے اُتر آوین اگر عمل کے بعد کچھہ
باقی رہی تو اُسی خارج قسمت سے کچھہ تفاوت پر لکھو ٭

مثال (۳۴۶) ۶۸ (۳۳۳۸۴۶۸ (۶۷۰۸
۱۰۲۷۴
۳۱۰۸۶
۲۷۰۳۲
۴۰۵۴۸
۴۰۵۴۸

چونکہ ۳۳۳۸۴۶۸ تعداد اقل ہندسہ ہائے مقسوم کا
ہے جو مقسوم علیہ سے کم نہین تو اول دریافت کیا کہ
۳۳۳۸۴۶۸ مین سے ۶۷۰۸ کی دفعہ گھٹ سکتا ہی

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

تو معلوم ہوا کہ مقسوم کے اول دو ہندسون مین سے
ہندسہ اول مقسوم علیہ یعنی ۶ تین دفعہ گھٹ سکتا ہی
سو کر خارج قسمت مین لکھکر ۶۷۵۸ کو ۳ مین ضرب
دیا اور حاصلضرب کو ۲۳۳۸۴۲ کے نیچے لکھا تب تفریق
کر کر ۳۱۰۸ باقی رہے بعدہ ہندسہ ہائی بعد مقسوم کے یعنی ۶
کو ہندسہ مابعد مقسوم کے یعنی ۸ کو ہندسہ ہائی باقیماندہ
یعنی ۳۱۰۸ کے ساتھہ شامل کر کے نیا مقسوم ۳۱۰۸۶
بنایا اور سابق دریافت کیا کہ ۳۱ مین سے ۶ پانچ دفعہ
گھٹتا ہے مگر چونکہ ۶۷۵۸ × ۵ = ۳۳۷۹۰ ہوتے ہین
اور یہہ رقم ۳۱۰۸۶ سی بڑی ہے تو ۵ سی کم کوئی عدد
لینا چاہئی اب چونکہ ۶۷۵۸ × ۴ = ۲۷۰۳۲ عدد
ہوتے ہین اور یہہ رقم ۳۱۰۸۶ سی کم ہی تو چار کو
خارج قسمت مین اور ۲۷۰۳۲ کو ۳۱۰۸۶ کے نیچے لکھکر
تفریق کیا تو باقی ۴۰۵۴ رہے بعد ہندسہ مابعد مقسوم
یعنے ۸ کو ۴۰۵۴ کے دائین طرف لکھا اور ۴۰۵۴۸ کو
نیا مقسوم بنایا پھر مثل سابق معلوم کیا کہ ۴۰۵۴۸ مین
سے ۶۷۵۸ پورا ایک دفعہ گھٹتا ہی تو ۱ کو خارج قسمت
مین جگہہ پاکر ۴۰۵۴۸ کو ۴۰۵۴۸ کے نیچے لکھا اور تفریق
کر کر کچھہ باقی نہ نکلا تو خارج قسمت ۶ ۳۴۱ ہوئے یعنے

۶۷۵۸ × ۳۴۶ = ۲۳۳۸۴۲ ہوئی یا آنکہ
۲۳۳۸۴۲ ÷ ۶۷۵۸ = ۳۴۶ ہوئی یا
۲۳۳۸۴۲ ÷ ۳۴۶ = ۶۷۵۸ ہوئی ✣

وجہ عمل

۲۳۳۸۴۲۰۰ − ۲۳۳۸۴۲ = ۸ + ۶۰ + ۳۰۰ چونکہ
۶۷۵۸ × ۳۰۰ = ۲۰۲۷۴۰۰ ہوتے ہین تو ۳ کو
خارج قسمت مین سو کے مرتبہ پر لکھا اور ۲۰۲۷۴۰۰
سے ۲۰۲۷۴۰ کو منہا کیا یا آنکہ صفرونکو چھوڑکر
۲۳۳۸۴۲ سی ۲۰۲۷۴ تفریق کیا تو ۳۱۰۸ باقی
رہی اور وہ از روی قیمت ۳۱۰۸۰۰ ہوتی ہین
تو ۳۱۰۸۰۰ + ۶۰ + ۸ یا ۳۱۰۸۶ کل باقی رہے
جنکو ۶۷۵۸ پر تقسیم کرنا ہے اب چونکہ ۶۷۵۸ × ۴۰
= ۲۷۰۳۲۰۰ ہوتے ہین تو ۴ کو خارج قسمت مین دہائی
کے مرتبہ پر لکھا اور ۳۱۰۸۶ مین سے ۲۷۰۳۲ کو
منہا کیا یا آنکہ صفرونکو چھوڑکر ۳۱۰۸۶ مین سے ۲۷۰۳۲
تفریق کیا تو حاصل تفریق ۴۰۵۴ ہوئے جو درحقیقت
۴۰۵۴۰ ہین تو ۴۰۵۴۰ + ۸ یا ۴۰۵۴۸ ہی جنکو
۶۷۵۸ پر تقسیم کرنا ہی پھر چونکہ ۶۷۵۸ × ۶ = ۴۰۵۴۸
ہین تو ۶ کو اکائی کے مرتبہ پر لکھا اور ۴۰۵۴۸ مین سے
۴۰۵۴۸ تفریق کر کے باقی کچھہ نہ رہا اور معلوم ہوا کہ
۲۳۳۸۴۲ کو ۶۷۵۸ پر تقسیم کرنے سے ۳۴۶ خارج قسمت کے ہین

مثال ۲۰۰۷۹) ۳۰۶۷۷۸۴۲ (۳۴۰۶
۳۰۶۰۵۴
۲۳۸۴۲
۲۳۸۴۲

موافق قاعدہ مجریہ مثال گذشتہ ۹ حاصل قسمت
دریافت کر کر ۳ باقی رہے تو بنظر اسکے کہ مقسوم
علیہ سے مقسوم زیادہ ہے مابعد ۳ ہندسون کو اتار کر
نیا مقسوم ۲۳۸۴۲ بنانا پڑا اور خارج قسمت مین
اسواسطے ۹ کے بعد دو صفر لکھے ✣

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

وجہ عمل

۴۴۸۴۷۷۳ = ۳۰۶۷۷۰۰۰ + ۸۰۰ + ۴۰ + ۴

چونکہ ۳۰۶۷۷۰۰۰ + ۳۴۰۶ = ۹۰۰۰ + ۳۰۶۵۴۰۰۰ تو اسلئے ۹۰۰۰ کو
ہزار کے مرتبہ پر خارج قسمت مین لکھا اور ۳۰۶۷۷۰۰۰ مین
سے ۳۰۶۵۴۰۰۰ کو یا صفرونکو الگ الگ کرکر اور
۳۰۶۷۷ مین ۳۰۶۵۴ کو منہا کرکے باقی ۲۳ حاصل
ہوئی جو درحقیقت ۲۳۰۰۰ ہین تو کل باقی ۲۳۰۰
+ ۸۰۰ + ۴۰ + ۴ یا ۲۳۸۴۴ رہی جنکو
۳۴۰۶ پر تقسیم کرنا ہے مگر ۳۴۰۶ رقم ۲۳۸۰۰
مین سے صفر سو دفعہ گھٹتی ہین تو صفر کو خارج قسمت
مین ۱۰۰ کے مرتبہ پر لکھا پھر ۲۳۸۰۰ - ۲۳۸۴۴ = ۴۴
۴۴ + ۴ = ۴۸ اور ۴۸ مین سے ۳۴۰۶ صفر دس
دفعہ گھٹتی ہین تو صفر کو دہائی کے مرتبہ پر لکھدیا
پھر ۴۸۴ - ۳۴۰۶ = ۱۴۴۸ تو چونکہ ۳۴۰۶ +
۱۴۴۸ = ۴۲۳۸۴۴ اسواسطے ۷ کو اکائی کے مرتبہ پر
خارج قسمت مین لکھا +

مثال ۳

۱۴۵۷۹۴۴۶۵۱ مین سے ۱۲۰۴ کی دفعہ گھٹ سکتی ہین

۱۴۵۷۹۴۴۶۵۱ (۱۲۱۰۹۰۰
۱۲۰۴
۲۵۳۹
۲۴۰۸
۱۳۱۴
۱۲۰۴
۱۰۸۴۶
۱۰۸۳۶
۱۰۵۱ باقی

اسواسطے ۱۴۵۷۹۴۴۶۵۱ کو ۱۲۰۴ پر تقسیم کرنیسے
۱۲۱۰۹۰۰ خارج قسمت حاصل ہوا اور ۱۰۵۱ باقی رہے

۱۶ - اگر مقسوم کے آخر مین صفر ہون
تو قاعدہ ذیل سے عمل مختصر ہوجاتا ہے

قاعدہ مقسوم علیہ مین سے صفرونکو علیحدہ کردو
اور مقسوم کے دائین طرف سے اسیقدر ہندسے جدا کرلو
تب بموجب قاعدہ گذشتہ کے عمل کرو اور باقی
اخیر کے ساتھ جسقدر ہندسے مقسوم سے جدا کئے تھے
اسیقدر شامل کردو اور اسکو باقی کل گردانو +

مثال ۳۷۵۲۳ کو ۳۴۰۰ پر تقسیم کرو

۳۷۵۲۳ (۱۳۸
۳۴
۱۹۷
۱۷۰
۲۷۲۳
۲۷۲۳
۳

تو ۳۷۵۲۳ مین سے ۳۴۰۰ پر تقسیم کرکے ۳۴۳ باقی
رہے +

وجہ عمل

۳۷۵۲۳ = ۳۷۵۰۰ + ۲۳ چونکہ ۳۷۵۰۰
مین سے ۳۴۰۰ اتنی دفعہ گھٹتا ہے جتنی دفعہ
۳۷۵ مین ۳۴ یعنی ۱۰۸ دفعہ فرق اتنا فرق
ہے کہ صورت اول مین ۳۰۰ باقی رہتی ہین اور
صورت دوم مین ۳ اکائی اسیواسطے جب ۳۷۵۲۳
کو ۳۴ پر تقسیم کیا جاتا ہے تو کل باقی (۳۰۰ + ۲۳)
اکائیان یا ۳۲۳ رہتی ہین +

مثال دویم ۱۱۴۳۵۶ کو ۲۰ پر تقسیم کرو

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

باقی ۱۱ ۳۲ ۶۷ ۵۰ ۴۵

تو مکمل باقی ۱۰ + ۱۱ ہوی +

تنبیہ جب مقسوم اور مقسوم علیہ دونون کے آخر مین صفر ہون تو قاعدہ بالا سے عمل جاری کرنا چاہیے +

۱۷ — دو یا دو سے زیادہ اعداد کو جو ایک کائی سے زیادہ ہون باہم ضرب دینے سے جو اعداد حاصل ہوئی ہین انکو صحیح الحصص بولتے ہین مثلاً ۴ × ۳ = ۱۲ اور ۳۶ = ۶ × ۶ یا ۴ × ۳ × ۳ × ۲ اسطرح کے اعداد کو اعداد صحیح الحصص کہتے ہین جو اعداد حصص صحیحہ مین منقسم نہین ہو سکتے انکو مکسور الحصص کہتے ہین چنانچہ ۳ و ۵ و ۷ و ۱۱ +

۱۸ — جب مقسوم علیہ عدد صحیح الحصص ایسی واعداد کا حاصلضرب ہو جو ۱۲ سے زیادہ نہون تو مقسوم کو اول ایک عدد پر تقسیم کیا جاوے اور پھر حاصل قسمت کو دوسرے پر اور اگر بعد ان دونون تقسیمون کے کچھ باقی رہے تو باقی دویم کو مقسوم علیہ اول کے ساتھ ضرب دینے سے اور باقی اول حاصلضرب کے ساتھ جوڑ دینے سے باقی صحیح حاصل ہوتی ہے +

مثال ۳۲ ۶۷ ۵۰ کو ۴۵ پر تقسیم کرو

۳۲ ۶۷ ۵۰	۹
باقی ۵۰ — ۳۰ ۶۳	۵

۴۵

باقی ۳۲ —

تو باقی کل ۹ × ۳ + ۵ = ۴۷ + ۵ = ۳۲ ہوئی

اور ۳۲ ۶۷ ۳۵ کو ۴۵ پر تقسیم کرنیسے ۱۲۶۰ خارج قسمت نکلے اور ۳۲ باقی رہی وجہ اسکی کہ کس قاعدہ سے باقی صحیح کیونکر حاصل ہوتے ہی مقسوم اول کے اکائیان ہوئی نہین اور مقسوم یعنی وہ رقم جو مقسوم اصلی کو ۹ پر تقسیم کرنیسے حاصل ہوئی ہی اسکے باقی ۳ اکائیان تو اس سے یہہ نتیجہ نکلا کہ ایک اکائی سطر دوم کے قیمت مین سطر اول کے ۹ اکائی کے برابر ہے اسیواسطے سطر دوم کے باقی جو ۳ اکائی ہی قیمت مین سطر اول کے ۹ × ۳ یا ۴۷ اکائی کے برابر ہے تو باقی صحیح ۴۷ + ۵ یا ۳۲ اکائیان مقسوم اول کے ہین اسوجہ کی توضیح مثال بالا کے ہندسون مین کیجاتی ہے و ۳۰ ۶۳۰ = ۵ گھنٹی ۱۲۶۰ اور ۳ کے اور ۳۲ ۶۷ ۵۰ = ۹ گھنٹی ۶۳۰ کے اور ۵ کے

= ۹ گھنٹی (۵ گھنٹی ۱۲۶۰ × ۳ کی) اور ۵ کے

= ۴۵ گھنٹی ۱۲۶۰ × ۴۷ + ۵ کے

= ۴۵ گھنٹی ۱۲۶۰ + ۳۲ کے

تنبیہ صحت عمل قسمت کی اسطرح ہو سکتی ہے کہ مقسوم علیہ کو خارج قسمت مین ضرب دیکر حاصل ضرب پر باقی کو زیادہ کرین اگر یہہ مجموعہ برابر ہو مقسوم کے تو عمل صحیح ہے ورنہ غلط اور اسیطرح صحت عمل ضرب کے دریافت کرنے کی واسطے حاصلضرب کو مضروب فیہ یا مضروب پر تقسیم کرین تو اگر خارج قسمت صورت اول مین برابر مضروب کے اور صورت دویم مین برابر مضروب فیہ کے ہو تو عمل صحیح ہی ورنہ غلط +

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

مثالات تقسیم جنکا مقسوم علیہ ۱۶ سے زیادہ ہے (نمبر ۷)

(۱) ۲۳۴۵۶ ÷ ۴۰ (۲) ۹۴۶ ÷ ۲۲

(۳) ۱۰۳۵ ÷ ۲۳ (۴) ۳۵۲۲ ÷ ۳۶

(۵) ۴۰۴۶ ÷ ۶۰ (۶) ۳۰۷۶ ÷ ۸۳

(۷) ۸۸۳۲ ÷ ۲۵۶ (۸) ۹۳۶۳۵ ÷ ۳۰۷

(۹) ۱۴۱۶۰۱ ÷ ۷۳۸ (۱۰) ۴۰۱۸۴۱۷ ÷ ۸۱۷

(۱۱) ۱۴۱۸۱۹۷۳۵ ÷ ۹۰۷ (۱۲) ۷۶۹۶۵۷۶ ÷ ۹۹۹

(۱۳) ۶۵۳۶۸۸۳۵ ÷ ۲۸۸ ÷ ۱۰۰۸

(۱۴) ۸۵۷۴۳۵۲۳۵ ÷ ۸۳۲

(۱۵) ۱۰۳۰۰۱۷۱۶۳۲ ÷ ۱۵۷۹۰

(۱۶) ۲-۱۴۰۴۹۶۵۸۴۳۲ ÷ ۳۷۰۰۶

(۱۷) ۳۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰۰ ÷ ۲۲۲۲۲

(۱۸) ۴۶۷۰۰۰۰۰۰ ÷ ۱۱۹۰۰۰۰۰

(۱۹) ۱۰۰۰۰۰۰۰۰ ÷ ۶۳۸۵۴۱ ÷ ۸۵۴۰۹۶

(۲۰) ۳۵۶۳۷۱۷۰۵۶۳ ÷ ۴۸۳۶۱۲۹۴۸ ÷ ۷۰۰۸۰

(۲۱) ۲۸۶۴۶۲۸۶۱۵۴ ÷ ۵۶۵۷۰۰۸۸ ÷ ۷۰۷۰۶۶

(۲۲) دو اعداد کا حاصلضرب ۳۲۷۰۰۶۹ ہی اور
اُن دو رقوم مین سے ایک ۵۴۲۳ ہی تو بتاؤ
کہ دوسری رقم کیا ہے اور ۶۱۲۴۸ مین سے
۳۱۲ کے دفعہ گھٹ سکتا ہے +

(۲۳) اگر ایک سیر روئی کا استقدر دھاگہ کاتا جاوے
کہ ۷۰ میل لنبا ہو تو استقدر دھاگہ کتنی سیر مین کاتا
جاوی کہ کرہ جہان کے گرد جکا محیط ۲۵۰۰۰ میل

ہے آجاوی +

(۲۴) اگر حاصلجمع ۳۵ اور ۱۷۳ کا ان اعداد کے
حاصل تفریق مین ضرب کہاوی اور حاصلضرب
۷۴ پر قسمت پاوی تو حاصل قسمت کیا ہوگا +

(۲۵) ایک مدرسہ اطفال مین ۴ بچّے فی ۴ برسکے
عمر کے ہین اور ۳ فی ۶ سال اور ۸ فی ۳ سال اور
۴ فی ۵ سال کے تو بتاؤ کہ ان بچّون کی عمر کا
اوسط کیا ہوگا یعنی معلوم کرو کہ بالفرض سب
بچّے ایک ہی عمر کے ہون تو ہر ایک کی عمر کتنے
ہونی چاہئے کہ حاصلجمع انکی عمرونکا حاصلجمع
عمرہائے مندرجہ سوال کے برابر ہو +

(۲۶) ایک مدرسہ مین ۵ دن کی حاضری ۲۷ و
۱۰۹ و ۱۳۰ و ۱۲۸ و ۳۱ ہے تو اوسط حاضر
روزمرہ کیا ہوگی +

۱۹ — اگر کوئی عدد اور مجموعہ اُسکے تمام ہندسونکا
جداگانہ ۹ پر تقسیم کیا جاوی تو باقی ہر دو عمل
ایک ہی ہوتے ہے +

ثبوت اسکا بطریق ذیل کیا جاتا ہی +

۱۰۰ = ۹۹ + ۱ یہان خواہ عدد ۱۰۰ یا اسکے
ہندسونکا مجموعہ اگر ۹ پر قسمت کیا جاوی تو
دونو حالتونمین ایک باقی بچتا ہی اسواسطے
کہ ۹۹ پر ۹ پورا تقسیم ہو جاتا ہے علی ہذا القیاس

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

۴+۹۹×۴=۴۰۰
۳+۹۹×۳=۳۰۰
۴+۹۹×۴=۴۰۰
۵+۹۹×۵=۵۰۰
وغیرہ=وغیرہ×۹۹+۵+وغیرہ

اس سے یہہ ظاہر ہوا کہ اگر ۱۰۰ و ۲۰۰ و ۳۰۰ و ۴۰۰ و ۵۰۰ وغیرہ کو جداگانہ ۹ پر تقسیم کرین اور اُنکے تمام ہندسون کے مجموعہ کو بھی الگ الگ ۹ پر قسمت کرین تو باقی دونون کے برابر ہوگے +

۴+۳۰+۵۰۰=۵۳۴
=۴+۳+۱+۱۰۰×۵
=۴+۳+۹+۹۹×۵

اسی سے یہہ معلوم ہوا کہ اگر اجزا عدد ۵۳۴ کو جو ۱۰۰×۵ و ۱۰×۳ اور ۴ ہین ہر ایک ۹ پر تقسیم کیا جاوی تو اُنکے باقی جداگانہ ۵ و ۳ و ۴ ہوگے اور اسواسطے جو باقی ۵۳۴ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے بچتی ہے وہ برابر اُس باقی کے ہوگے جو ۵×۳×۴ کو ۹ پر قسمت کرنے سے حاصل ہوتی ہے - یہہ قاعدہ جسکی قاعدہ نو کہتے ہین صحت عمل جمع و تفریق ضرب و تقسیم کے دریافت کرنے مین کام آتا ہے چنانچہ ہر ایک کے امتحان کی ترکیب اس قاعدہ کے روسے بمعہ امثلہ ترتیب وار درج ذیل کیجاتے ہر +

۲۰ قاعدہ دریافت صحت عمل جمع بقاعدہ ۹

۱- مجموعہ اعداد پر سطر کو جدا جدا ۹ پر تقسیم کرکے باقی اس سطر کے محاذی بتفاوت لکھو پھر اُن بقایا کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرکے باقی کو اُنکے نیچے محاذی اس سطر جامع کے لکھو پھر اگر مجموعہ باقی سطر جامع کا اور مجموعہ باقی بقایا کا برابر ہو تو عمل صحیح ہے ورنہ غلط +

مثال امتحان صحت عمل جمع

۴	۸	۷	۳	۲
۷	۸	۷	۴	۸
۰	۶	۷	۸	۶
۹	۲	۴	۴	۶

اسمین سطر اول کے مجموعہ کو کہ ۲۰ ہے ۹ پر تقسیم کرکے ۲ باقی رہے اور سطر دوم کے مجموعہ کو کہ ۴۰ ہے ۹ پر قسمت کرکے ۷ باقی رہے اور سطر سوم کے مجموعہ پر کہ ۲۷ ہین وہی عمل کرکے صفر باقی بچا تب پھر اُن بقایا کو جوڑ کر ۹ حاصل جمع ہوا اور ۹ پر تقسیم کیا تو کچھہ باقی نہ رہا پھر حاصلجمع کے مجموعہ کو کہ ہین ۹ پر تقسیم کرکے دیکھا کہ کس قدر باقی ہے معلوم ہوا کہ کچھہ باقی نہین تو دریافت ہوا کہ عمل جمع صحیح ہے +

۲۱ قاعدہ دریافت صحت عمل تفریق

۱- مفروق کے تمام ہندسون کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرکے باقی نکالی جاوی اور حاصل تفریق کے مجموعہ پر بھی یہی عمل کرکے باقی نکالی جاوی تو اگر حاصلجمع اُن دونون بقایا کا ۹ پر تقسیم کرنیکے بعد برابر اُس باقے کے ہو جو مفروق منہ کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرنیسے

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

ہوتے ہے تو عمل صحیح نہین تو غلط ✤

مثال امتحان صحت عمل تفریق

۴۳۸۷۴

۵۶۱۵۴

اسمین مفروق کے مجموعہ سے کہ ۴ ہین بعد از عمل تفریق ۵ باقی رہے اور حاصل تفریق کے مجموعہ پر کہ ۲۶ ہی دہی عمل کرکے ۸ باقی بچے اور اُنکے حاصلجمع کو کہ ۵ + ۸ = ۱۳ ہے ۹ پر تقسیم کرکے دیکہا کہ کیا باقی رہا ہے معلوم ہوا کہ ۴ ہین تو عمل صحیح ہے ✤

۴۴ قاعدہ دریافت صحت عمل ضرب

مجموعہ اعداد مضروب و مضروب فیہ کو جداگانہ ۹ پر تقسیم کرکے باہم ضرب دو اور پہر ۹ پر تقسیم کرکے باقی لگاؤ اگر یہہ باقی برابر اُس باقی کے ہو جو اعداد حاصلضرب کے مجموعہ سے تو بعد از عمل تو حاصل ہوئے تو عمل صحیح ہے ورنہ غلط ✤

تنبیہ اس صحت کے دریافت کرنے کیواسطے ایک صلیب اسطرح کی کہینچی جاتی ہے اور مضروب کے اعداد کو ساتے عازیہ کیطرف لکہے جاتے ہے اور مضروب فیہ کے اُسکے مقابل نیچے اور اُن دونون کے حاصلضرب کے باقے دائین طرف کو اور باقی حاصلضرب اصلی بائین طرف اُسکے مقابل ✤

مثال

۳۷۸۶۸

۴۸۷

۲۶۰۷۶

۳۰۲۹۴۴

۱۹۱۴۷۲

۱۸۴۱۲۱۶

۵ / ۵ / ۱ / ۵

اسمین مضروب کے اندر کہ ۳۴ ہین از عمل نوہ باقے رہے اور مضروب فیہ مین کہ ۱۹ ہین بعد از عمل ایک باقی رہا اور ان دونو کے حاصلضرب ۹ پر تقسیم کرکے ۵ باقی رہی تب حاصلضرب کے مجموعہ کو کہ ۳۲ ہین لیکر ۹ پر تقسیم کیا اور دیکہا کہ کیا باقی رہا ۵ باقی بچے تو معلوم ہوا کہ عمل صحیح ہے ✤

۴۵ قاعدہ دریافت صحت عمل تقسیم

خارج قسمت اور مقسوم علیہ کے مجموعہ کو جداگانہ ۹ پر قسمت کرکر اُس باقی کو باقی عمل تقسیم کے ساتہہ جوڑ دو اور ۹ پر قسمت کرو جو کچہہ باقی بچے وہ اگر برابر اُس باقی کے ہو جو اعداد مقسوم کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرکے حاصل ہوتے ہے تو عمل صحیح ہے والّا غلط ✤

تنبیہ قبل ضرب اسکے صحت دریافت کرنیکے واسطے یہہ صلیب کہینچی جاتے ہے خارج قسمت کے دہانے اوپر لکہی جاتی ہے اور مقسوم علیہ کے نیچے اور اُن دونون کے حاصلضرب کے باقی دائین طرف اور مقسوم کی بائین طرف ✤

مثال ۹۲) ۴۸۱۳ (۵۲

۴۶۸

۱۴۳

۱۰۴

۳۹

۷ / ۷ / ۲+۵=۷

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

اسمین جارج قسمت کے مجموعہ مین سے کہ
